PASTORAL LETTER FOR PENTECOST (WHITSUN) ----- Mackay QLD

# پاسبانی خط برائے پینتیکوست 2018

## مسیح میں میرے عزیز ہم خدمت بھائیو اور بھائیو اور بہنو!

خُداوند کے اپنے باپ کے پاس صعود فرما جانے کے بعد کلیسیا کا سردار، نیا مخلوق بننے کے لئے ایک حتمی ضرورت پیدا ہوئی کہ زمین پر ایک روحانی مددگار ہو کیونکہ خُداوند اس وقت تک تخت نہیں چھوڑ سکتا جب تک اس کا باپ اسے دُوبارہ دُنیا میں واپس نہیں بھیجتا۔

متی 36:24 آیت:

''لیکن اس دِن اور اس گھڑی کی بابت کوئی نہیں جانتا۔ نہ آسمان کے فرشتے نہ بیٹا مگر صرف باپ۔''

ہمارے خُداوند نے اس مقدّس مددگار کا اپنے رسولوں سے وعدہ کیا تھا۔

یوحنا 14-7:16 آیت:

''لیکن مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمہارے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ اگر مَیں نہ جاؤں تو وہ مددگار تمہارے پاس نہ آئے گا لیکن اگر جاؤں گا تو اُسے تمہارے پاس بھیج دوں گا اور وہ آ کر دُنیا کو گناہ اور راست بازی اور عدالت کے بارے میں قصوروار ٹھہرائے گا۔ گناہ کے بارے میں اس لئے کہ وہ مجھ پر اِیمان نہیں لاتے۔ راست بازی کے بارے میں اس لئے کہ مَیں باپ کے پاس جاتا ہوں اور تم مجھے پھر نہ دیکھو گے۔ عدالت کے بارے میں اس لئے کہ دُنیا کا سردار مجرم ٹھہرایا گیا ہے۔ مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنا ہے مگر اب تم ان کی برداشت نہیں کر سکتے۔ لیکن جب وہ یعنی روحِ حق آئے گا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دِکھائے گا۔ اس لئے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سُنے گا وہی کہے گا اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گا۔ وہ میرا جلال ظاہر کرے گا۔ اس لئے کہ مجھ ہی سے حاصل کر کے تمہیں خبریں دے گا۔''

جب ہم ان باتوں پر غور کرتے ہیں اور پہلے تخلیقی عمل کے بارے میں روح القدس کے کردار سے متعلق پڑھتے ہیں۔
پیدائش 3-2:1 آیت:

''اور زمین ویران اور سنسان تھی اور گہراؤ کے اُوپر اندھیرا تھا اور خُدا کی روح پانی کی سطح پر جُنبش کرتی تھی۔ اور خُدا نے کہا کہ روشنی ہو جا اور روشنی ہو گئی۔''

یہ روشنی تھی ہمارا خُداوند یسُوع مسیح اور یہ مصدقہ بات تھی۔
یوحنا 4-3:1 آیت:

''سب چیزیں اُس کے وسیلہ سے پیدا ہوئیں اور جو کچھ پیدا ہوا ہے اس میں سے کوئی چیز بھی اُس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی۔ اس میں زِندگی تھی اور وہ زِندگی آدمیوں کا نُور تھی۔''

اگر نئی مخلوق کو روشنی لینی ہے تو پھر روح کو لازماً روئے زمین پر جنبش کرنی چاہیے اور اعضاء (لوگوں) کو روشنی کے واحد سرچشمہ کی طرف لے جانا چاہیے۔ ہمارے خُداوند یسُوع مسیح کے جلال اور راست بازی کی طرف۔ یہ آئندہ خُدا کی بادشاہی کا واحد راستہ ہے جو نئی مخلوق کے لئے وعدہ کے مطابق اِنعام ہے۔

یوحنا 6:14 آیت:

''یسُوع نے اس سے کہا کہ راہ اور حق اور زِندگی مَیں ہوں۔ کوئی میرے وسیلہ کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا۔''

پولوس رسول نے روح القدس کے کردار کو اُجاگر کیا ہے۔
1- کرنتھیوں 3:12 آیت:

''پس مَیں تمہیں جتاتا ہوں کہ جو کوئی خُدا کے روح کی ہدایت سے بولتا ہے وہ نہیں کہتا کہ یسُوع ملعون ہے اور نہ کوئی روح القدس کے بغیر کہہ سکتا ہے کہ یسُوع خُداوند ہے۔''

ہمیں اس زمانہ کے دوران روح القدس کے بھیجے جانے اور ہمارے باطن میں اس کے مسح کئے جانے کے لئے شکرگزار ہونا چاہیے۔ چنانچہ ہم مسیح کی روشنی میں قائم رہ سکتے ہیں اور دنیا کی تاریکی میں بھٹک نہیں سکتے۔ یسعیاہ نبی نے دنیا کی تاریکی کو دیکھ لیا تھا بلکہ اس نے خُدا کے وعدوں کو اور ان کے انجام کو بھی دیکھا تھا۔

یسعیاہ 16-15:32 آیت:

''تاوقتیکہ عالم بالا سے ہم پر روح نازل نہ ہو اور بیابان شاداب میدان نہ بنے اور شاداب میدان جنگل نہ گِنا جائے۔ تب بیابان میں عدل بسے گا اور صداقت شاداب میدان

میں رہا کرے گی۔‘‘

حزقی ایل 4:1 آیت:

’’اور مَیں نے نظر کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ شمال سے آندھی اُٹھی۔ ایک بڑی گھٹا اور لپٹتی ہوئی آگ اور اس کے گرد روشنی چمکتی تھی اور اس کے بیچ سے یعنی اس آگ میں سے صیقل کئے ہوئے پیتل کی سی صورت جلوہ گر ہوئی۔‘‘

ہم پڑھتے ہیں کہ مندرجہ بالا پشینگوئی اور دوسری پشینگوئیاں کس طرح اعمال 2:1-5 کے مطابق پوری ہوئیں۔

’’جب عید پینتیکوست کا دِن آیا تو وہ سب ایک جگہ جمع تھے۔ کہ یکایک آسمان سے ایسی آواز آئی جیسے زور کی آندھی کا سناٹا ہوتا ہے اور اس سے سارا گھر جہاں وہ بیٹھے تھے گونج گیا۔ اور انہیں آگ کے شعلہ کی سی پھٹتی ہوئی زبانیں دِکھائی دیں اور ان میں سے ہر ایک پر آ ٹھہریں۔ اور وہ سب روح القدس سے بھر گئے اور غیر زبانیں بولنے لگے جس طرح روح نے انہیں بولنے کی طاقت بخشی۔ اور ہر قوم میں سے جو آسمان کے تلے ہے خُدا ترس یہودی یروشلم میں رہتے تھے۔‘‘

ہر ایک کو یہی سنائی دیتا تھا کہ وہ اس کی بولی بول رہے ہیں۔ یہ اس بات کی گواہی تھی کہ مسیح نے پرانے طرزِ عمل کو ختم کر دیا ہے۔ گناہ، عالم ارواح اور موت کو اسیر کر لیا ہے وہ اب نسلِ انسانی کو ایک نیا راستہ دِکھا رہا ہے۔ یہ اس زمانے کی سب قوموں اور زبانوں کی عجیب عجیب خبریں سُننے اور قبول کرنے کی پشینگوئی کی تکمیل تھی۔

زکریا 23:8 آیت:

’’رب الافواج یوں فرماتا ہے کہ ان ایام میں مختلف اہلِ لُغت میں سے دس آدمی ہاتھ بڑھا کر ایک یہودی کا دامن پکڑیں گے اور کہیں گے کہ ہم تمہارے ساتھ جائیں گے کیونکہ ہم نے سُنا ہے کہ خُدا تمہارے ساتھ ہے۔‘‘

اب خُداوند کی باتیں رسولوں کی سمجھ میں آ گئی تھیں۔

متی 14:24 آیت،

’’اور بادشاہی کی اس خوش خبری کی منادی تمام دُنیا میں ہوگی تاکہ سب قوموں کے لئے گواہی ہو۔ تب خاتمہ ہوگا۔‘‘

ہم روح القدس کا ایک اور کردار دیکھتے ہیں جس کا آغاز اس دن ہوا جب مسیح نے تعلیم دی تھی۔

لوقا 2:10 آیت:

’’......فصل تو بہت ہے لیکن مزدور تھوڑے ہیں اس لئے فصل کے مالک کی منت کرو

کہ اپنی فصل کاٹنے کے لئے مزدور بھیجے۔''

ہم پڑھتے ہیں کہ رسولوں کے وسیلہ سے 3000 لوگوں نے خُداوند کی بُلاہٹ کو قبول کیا۔

اعمال 2:38-39 آیت:

''پطرس نے ان سے کہا کہ توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی
کے لئے یسُوع مسیح کے نام پر بپتسمہ لے تو تم روح القدس اِنعام میں پاؤ گے۔ اس لئے
کہ یہ وعدہ تم اور تمہاری اولاد اور ان سب دُور کے لوگوں سے بھی ہے جن کو خُداوند ہمارا
خُدا اپنے پاس بُلائے گا۔''

اور یوں اس نئی مخلوق کی اِبتدا ہوئی۔ رسولوں کی مراد اس اِبتدائی دَور سے ہے جس کی آبیاری اس مخلوق کی ترقی کے لئے روح القدس کی گزشتہ بارش سے ہوئی تھی۔ تاریخ گواہ ہے کہ کس طرح اِنسانی عقل نے روح القدس کی نافرمانی کی تھی لیکن خُدا پہلے سے ہی جانتا تھا اور یوایل نبی کی معرفت یہ بتا دیتا تھا کہ روح القدس احتجاج کا سبب بنے گا یعنی مزاحمت کرے گا جو کلیسیا میں فضل کے وسائل کو بحال کر دے گا اور کلیسیا کو بارآور بنانے کے لئے روح القدس کی گزشتہ بارش ہی نہیں بلکہ آئندہ بارش بھی برسائے گا۔

یوایل 2:28 آیت:

''اور اس کے بعد میں ہر فرد بشر پر اپنی روح نازل کروں گا اور تمہارے بیٹے اور
بیٹیاں نبوت کریں گے۔تمہارے بُوڑھے خواب اور جوان رویا دیکھیں گے۔''

ہم جانتے ہیں کہ ہم روح القدس کو دیکھ نہیں سکتے کیونکہ وہ آندھی کی طرح ہے لیکن ہمیں ہر وقت نہایت حلیمی کے ساتھ اس بات کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ بادشاہی کے وارث ہونے کے لئے ہمارا انحصار اسی قوت پر ہے۔

متی 5:5 آیت:

''مبارک ہیں وہ جو حلیم ہیں کیونکہ وہ زمین کے وارث ہوں گے۔''

ہم اپاسٹلز اِیمان کی ازسرنو بحالی کے لئے تمام وفادار ممبران سمیت آپ سب کو اس مبارک تہوار کی مبارک باد دیتے ہیں اور خُداوند کی طرف سے بلائے جانے کے لئے شکر ادا کرتے ہیں۔

اپاسٹل ڈارگش اور میری طرف سے سلام قبول ہو

مسیح میں آپ کا بھائی اور اپاسٹل
کلف فلور